نور الانوار کے معروضی سوالات

تاریخ

(1) جو علی سبیل البدل ایسے افراد کو شامل ہو جنکی حقیقتیں مختلف ہوں اُسے کہتے ہیں
(1) حقیقت (2) مجاز (3) مشترک (4) مؤول

(2) مشترک کی تعریف میں افراداً کی قید سے کیا چیز نکل گئی
(1) عام (2) خاص (3) متوسط (4) مجاز

(3) مشترک کی تعریف میں مختلف الحدود کی قید سے کیا چیز نکل گئی۔
(1) عام (2) خاص (3) متوسط (4) مجاز

(4) لفظ شیئی اگر وجود کے معنی میں لیں تو یہ کونسا مشترک ہوگا۔
(1) مشترک معنوی (2) مشترک لفظی (3) مشترک حسی (4) مشترک شرعی

(5) حیض اور طہر دو متضاد معنوں میں کونسا لفظ مشترک ہے۔
(1) النکاح (2) الطلاق (3) القرء (4) التزوج

(6) حیض اور طہر دو متضاد معنوں میں حیض کس امام نے مراد لیا ہے
(1) امام مالک نے (2) امام اعظم نے (3) امام شافعی نے (4) امام احمد بن حنبل نے

(7) تأمل کی شرط کے ساتھ توقف کرنا یہ کس کا حکم ہے۔
(1) حقیقت کا (2) مجاز کا (3) مؤول کا (4) مشترک کا

(8) لفظ قرء میں متعدد وجہوں سے غور کیا یہاں کتنی وجہیں بیان ہیں۔
(1) دو (2) تین (3) چار (4) پانچ

(9) اگر دم (خون) سے مراد حیض لیں تو یہ کس چیز کا محل ہوگا۔
(1) اجتماع کا (2) انتقال کا (3) فراغت کا (4) ایک اور دو جز حصول

(10) کس کے نزدیک مشترک میں عموم ہے۔
(1) امام اعظم کے (2) امام شافعی کے (3) امام مالک کے (4) امام احمد بن حنبل کے

(11) انّ اللّٰہ وملئکتہ یصلّون علی النّبی یہ کس امام نے مثال بیان کی ہے۔
(1) امام مالک نے (2) امام احمد بن حنبل نے (3) امام شافعی نے (4) امام اعظم نے

تاریخ: ________

(12) امام اعظمؒ نے فرمایا کہ لفظ یصلون یہ معنی عام ہے اور یہ کس کے معنی میں ہے
(1) اجتناب کے (2) اعتناء الشان کے (3) یعبدون کے (4) از دواج کے

(13) اگر لفظ اعتناء کی نسبت فرشتوں کی طرف ہو تو معنی ہوگا
(1) دعائے رحمت (2) دعا کرنا (3) تسبیح کرنا (4) استغفار کرنا

(14) ایک لفظ کے ساتھ ایک زمانہ میں دو معنی مراد لینا ہمارے نزدیک کیا جائز ہے جب کتنی شرطیں پائی جائیں۔
(1) پانچ (2) تین (3) دو (4) سات

(15) وہ کونسی شرطیں ہیں جنکے ذریعے ایک زمانہ میں دو معنی مراد ہو سکتے ہیں
(1) طمھر حیض میں تضاد نہ ہو (2) دو معنی اکٹھے مراد نہ ہو (3) حقیقت اور مجاز جمع ہو (4) 1 اور 2 جز دونوں

(16) غالب رائے کے ساتھ مشترک کا جو معنی ترجیح پا جائے کہلاتا ہے۔
(1) مشترک (2) مؤول (3) حقیقت (4) مجاز

(17) من المشترک کی قید سے کونسا مؤول مراد ہوگا جو کس کے بعد واقع ہوگا
(1) خفی کے خفا زائل ہونے کے بعد (2) مجمل کے خفا زائل ہونے کے بعد (3) بحث دائرے مشترک کے بعد (4) مشکل کے خفا زائل ہونے کے بعد

(18) غالب رائے کے ساتھ مشترک کا جو معنی ترجیح پاتا ہے کتنی صورتوں میں غور و فکر کرنے کے بعد وہ ترجیح پائے گا۔
(1) دو میں (2) تین میں (3) چار میں (4) پانچ میں

(19) اُحِلَّ لَکُم لَیلَةَ الصِّیَامِ الرَّفَثُ میں کس لفظ سے پتا چلا کہ یہاں حلال مراد ہے
(1) اُحِلَّ لَکُم سے (2) لَیلَةَ سے (3) الصِّیَامُ سے (4) الرَّفَثُ سے

(20) جس کی مراد محض صیغہ سے ہی سامع کیلئے واضح ہو جائے اُسے کہتے ہیں
(1) نص (2) ظاہر (3) مفسر (4) محکم

(21) کس قید سے دور ختم ہو جائیگا (یعنی ظاہر کی تعریف ظاہر سے ہو رہی ہے)
(1) ظہور حسی سے (2) ظہور معنوی سے (3) ظہور اصطلاحی سے (4) ظہور لغوی سے

تاریخ:

(22) قطع اور یقین کے طریقے پر جو ظاہر ہو اس پر عمل کرنا واجب ہے یہ کس کا حکم ہے

(1) محکم (2) مفسر (3) نص (4) ظاہر

(23) ظاہر سے کس چیز کو ثابت کرنا صحیح ہے۔

(1) قسم و منت کو (2) حدود و کفارات کو (3) ہدیہ و تحفہ کو (4) امانات و قرض کو۔

(24) جو معنی ظاہر سے زیادہ واضح ہو متکلم کی وضاحت کے ساتھ اسے کہتے ہیں

(1) ظاہر (2) نص (3) مفسر (4) محکم

(25) نص میں کس چیز شرط ہے

(1) عدم سوق (2) سوق اور عدم سوق (3) سوق (4) دونوں نہیں

(26) رایتُ فلاناً حین جاء نی القومُ اس مثال میں یہ بات رویت (دیکھنا) کے اعتبار سے ہے

(1) ظاہر (2) نص (3) مفسر (4) محکم

(27) تاویل کے احتمال کے ساتھ جو معنی واضح ہو اس پر عمل کرنا واجب ہے یہ کس کا حکم ہے

(1) ظاہر کا (2) نص کا (3) مفسر کا (4) محکم کا۔

(28) جس میں تاویل و تخصیص کا احتمال نہ ہو اور نص سے زیادہ واضح ہو اسے کہتے ہیں

(1) ظاہر (2) نص (3) مفسر (4) محکم

(29) تاویل و تخصیص کے ختم ہونے کے کتنے احتمال بیان ہوئے ہیں

(1) دو (2) تین (3) چار (4) پانچ

(30) نسخ کے احتمال کے ساتھ جس پر عمل کرنا ضروری ہو وہ کس کا حکم ہے

(1) ظاہر (2) نص (3) مفسر (4) محکم

(31) نسخ کا احتمال کس زمانے میں تھا۔

(1) آج کے زمانہ میں (2) صحابہ کے زمانہ میں (3) تابعین کے زمانہ میں (4) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں

(32) قرآن پاک نسخ کا احتمال نہیں رکھتا کیونکہ قرآن پاک ہے

(1) خفی ہے (2) مشکل ہے (3) مجمل ہے (4) محکم ہے

تاریخ: ______

(33) جس کی مراد نسخ اور تبدیل کے احتمال کے بغیر واضح ہو اُسے کہتے ہیں

(1) ظاہر (2) نص (3) مفسر (4) محکم

(34) نسخ کا احتمال اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے ختم ہو تو اُسے کہتے ہیں

(1) محکم لعینہ (2) محکم لغیرہ (3) حُسن لذاتہ (4) حُسن لغیرہ

(35) بغیر احتمال کے جس پر عمل کرنا واجب ہے اُسے کہتے ہیں۔

(1) ظاہر (2) نص (3) مفسر (4) محکم

(36) وَاَحَلَّ اللّٰہُ البَیعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا یہ کس کی مثال ہے۔

(1) خفی مشکل کی (2) ظاہر نص کی (3) مفسر محکم کی (4) مجمل متشابہ کی

(37) نور الانوار کی روشنی میں کفار کس چیز کے حلال ہونے کا اعتقاد رکھتے تھے۔

(1) زنا کے (2) چوری کے (3) سود کے (4) مردار کے

(38) فَسَجَدَ المَلٰئِکَۃُ کُلُّھُم اَجمَعُونَ اِلَّا اِبلِیسَ یہ کس کی مثال ہے

(1) ظاہر کی (2) نص کی (3) مفسر کی (4) محکم کی

(39) فَسَجَدَ المَلٰئِکَۃُ کلھم اجمعونَ اِلَّا ابلیس والی مثال میں تخصیص کا احتمال کس لفظ سے ختم ہوا

(1) الملٰئکۃ سے (2) کُلُّھُم سے (3) اجمعون سے (4) ابلیس سے

(40) استثناء کرنا کس کی قبیل سے نہیں۔

(1) ظاہر کی (2) نص کی (3) مفسر کی (4) محکم کی۔

(41) اِنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیئٍ عَلِیمٌ یہ کس کی مثال ہے

(1) ظاہر کی (2) نص کی (3) مفسر کی (4) محکم کی

(42) الجہادُ ماضٍ اِلٰی یَومِ القِیٰمَۃِ یہ کس نے کہا کہ یہ محکم کی مثال دینا اعلیٰ ہے

(1) شارح نے (2) مصنف نے (3) مؤلف نے (4) صاحب توضیح نے

(43) یہ تمام (ظاہر، نص، مفسر، محکم) ہیں

(1) ظنی (2) حسی (3) شرعی (4) قطعی

(44) جب مفسر اور محکم کے درمیان تعارض آجائے تو کس پر عمل کریں گے۔

(1) مفسر پر (2) محکم پر (3) دونوں پر (4) دونوں پر نہیں

(45) اُحِلَّ لکم ما وراء ذلکم ان تبتغوا باموالکم مع فانکحوا ما طاب لکم من النساء مثنیٰ ثُلٰث و رباع سے کن کے درمیان تعارض کی مثال ہے

(1) ظاہر و نص کے درمیان (2) نص و مفسر کے درمیان (3) خفی و ظاہر کے درمیان (4) مفسر و محکم کے درمیان

(46) المستحاضۃ تتوضأ لکل صلوٰۃ مع المستحاضۃ تتوضأ لکل وقت صلاۃ سے کن کے درمیان تعارض کی مثال ہے

(1) ظاہر و نص کے درمیان (2) نص و مفسر کے درمیان (3) مفسر و محکم کے درمیان (4) خفی و نص کے درمیان

(47) محدود فی القذف کی گواہی والی مثالیں یہ کن کے درمیان تعارض کی مثال ہے۔

(1) خفی و ظاہر کے درمیان (2) ظاہر و نص کے درمیان (3) نص و مفسر کے درمیان (4) مفسر و محکم کے درمیان

(48) جسکی مراد صیغہ کے علاوہ کسی عارضہ کی وجہ سے پوشیدہ ہو اُسے کہتے ہیں

(1) مشکل (2) مجمل (3) متشابہ (4) خفی

(49) اگر خفی کا خفا صیغہ کی وجہ سے ہو تو یہ مشکل اور مجمل ہوگا اور کس کے مقابلہ میں ہوگا

(1) ظاہر کے (2) نص کے (3) مفسر کے (4) محکم کے

(50) جو شخص شکل و لباس بدلے بغیر شہر میں چھپا یہ کس کی مثال ہے۔

(1) مشکل کی (2) خفی کی (3) مجمل کی (4) متشابہ کی

(51) (السارق والسارقۃ فاقطعوا) والی آیت جیب کترے اور کفن چور کے بارے میں ہے

(1) ظاہر (2) نص (3) خفی (4) محکم

(52) جو کسی مال محترم کو محفوظ جگہ سے چھپا کر لے جائے اُسے کہتے ہیں

(1) زانی (2) فاسق (3) فاجر (4) چور

(53) کن کے نزدیک کفن چور کے بھی ہاتھ کاٹے جائیں گے۔

(1) امام اعظم اور امام محمد کے نزدیک (2) امام مالک اور امام احمد کے نزدیک

(3) امام شافعی اور امام ابو یوسف کے نزدیک (4) امام مالک اور امام اعظم کے نزدیک

(54) جو کلام اپنے مثل کلاموں میں مل جائے اُسے کہتے ہیں۔

(1) خفی (2) مشکل (3) مجمل (4) متشابہ

(55) وہ پردیسی شخص جو اپنی شکل اور لباس بدل کر لوگوں میں مل جائے یہ کس کی مثال ہے

(1) خفی کی (2) مجمل کی (3) مشکل کی (4) متشابہ کی

(56) مشکل خفاء کی زیادتی کی وجہ سے کن دو نظروں کا محتاج ہو گا۔

(1) طلب کا (2) تأمل کا (3) اخراج کا (4) ایک اور دو نمبر دونوں

(57) فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ اس میں لفظ أنّى (مشکل) کتنے معنوں میں استعمال ہوا ہے

(1) دو (2) تین (3) چار (4) پانچ

(58) کتاب، سنت اجماع سے کن کی حرمت قطعی ثابت ہے ان سے وطی کرنے سے

(1) بیٹیوں کی (2) عورتوں کی (3) مردوں کی (4) جانوروں کی

(59) قارورۃ برتن کیلئے کتنی صفتیں ہوتی ہیں۔

(1) پانچ (2) چار (3) تین (4) دو

(60) جس کلام میں معانی کے اجتماع کی وجہ سے مراد مشتبہ ہو جائے اُس کلام کو کہتے ہیں

(1) مجمل (2) مشکل (3) متشابہ (4) خفی

(61) مجمل کتنی طلبوں کی طرف محتاج ہوتا ہے

(1) دو (2) تین (3) چار (4) پانچ

(62) مجمل پوشیدہ ہونے میں کس کے مقابلہ میں ہے۔

(1) ظاہر کے (2) نص کے (3) مفسر کے (4) محکم کے

(63) جب مجمل کو طلبوں سے جان لیا جاتا ہے تو اس سے کیا چیز نکل جاتی ہے۔

(1) ظاہر (2) نص (3) مفسر (4) متشابہ

(64) جب نماز اور زکوۃ کا معنی مجمل ہو گیا تو کس کی طرف استفسار کرنے سے معنی واضح ہو گیا

(1) صحابہ کی طرف کرنے سے (2) حضور کی طرف کرنے سے (3) مفسر کی طرف کرنے سے (4) استاد کی طرف کرنے سے

تاریخ:

(65) جس کلام کی مراد سمجھنے کی امید ختم ہو گئی ہو اُس کلام کو کہتے ہیں
(1) متشابہ (2) مجمل (3) مشکل (4) خفی

(66) محکم کے مقابلے میں کس میں زیادہ پوشیدگی ہوتی ہے
(1) خفی میں (2) مشکل میں (3) مجمل میں (4) متشابہ میں

(67) جو شخص اپنے شہر سے غائب ہو گیا اور اسکا نشان ختم ہو گیا ہو اور اسکا علم عمرو سمیلیہ لوگ مر گئے ہو تو یہ کس کی مثال بنے گی
(1) خفی کی (2) متشابہ کی (3) مشکل کی (4) مجمل کی

(68) (حروف آیت مقطعات کا علم جاننا) یہ کس کی مثال ہے
(1) خفی کی (2) مشکل کی (3) مجمل کی (4) متشابہ

(69) کنہوں نے کہا کہ علماء راسخین بھی متشابہ آیات کا علم جانتے ہیں
(1) نحویوں و صرفیوں نے (2) امام اعظم اور امام ابو یوسف نے
(3) عامۃ المعتزلہ اور امام شافعی نے (4) امام مالک اور امام محمد نے

(70) متشابہ آیات کو نازل کر کے تسلیم اور توقف میں کن کو آزمائش میں ڈالنا ہے
(1) جنوں کو (2) لوگوں کو (3) فرشتوں کو (4) جانوروں کو

(71) متشابہ کی یعنی متشابہ آیات کی کتنی اقسام ہیں۔
(1) دو (2) تین (3) چار (4) پانچ

(72) جس لفظ سے معنی موضوع لہ مراد ہو اسے کہتے ہیں۔
(1) ظاہر (2) نص (3) حقیقت (4) مجاز

(73) حقیقت کی تقسیم میں وضع کی کتنی قسمیں بیان ہوئی ہیں
(1) دو (2) چار (3) چھ (4) آٹھ

(74) معنی موضوع لہ کا ثابت ہونا خواہ وہ خاص ہو یا عام ہو یہ کس کا حکم ہے
(1) مشترک (2) مؤول (3) حقیقت (4) مجاز

تاریخ: ________

(75) یا ایھا الذین اٰمنوا الرکعوا وقولہ تعالیٰ ولا تقربوا الزنیٰ یہ کس کی مثال ہے

(1) مشترک کی (2) مؤول کی (3) حقیقت کی (4) مجاز کی

(76) جس لفظ سے غیر موضوع لہ کا ارادہ کیا گیا ہو اُسے کہتے ہیں۔

(1) حقیقت (2) مجاز (3) مشترک (4) مؤول

(77) لیس کمثلہ شیئی یہ کس کی مثال ہے جس میں تشبیہ مراد ہے نہ کہ تاکید یا زیادت؛

(1) ظاہر (2) نص (3) حقیقت (4) مجاز

(78) جس کے لیے لفظ کو مجازاً استعمال کیا گیا ہے وہ ثابت ہو چاہے وہ خاص ہو یا عام ہو یہ کس کا حکم ہے

(1) حقیقت کا (2) مجاز کا (3) مشترک کا (4) مؤول کا

(79) کس کے نزدیک مجاز کیلئے عموم نہیں

(1) امام اعظم کے نزدیک (2) امام مالک کے نزدیک (3) امام احمد کے نزدیک (4) امام شافعی کے نزدیک

(80) حقیقت متعذر ہونے کے وقت کس کی طرف رجوع کیا جاتا ہے۔

(1) نص کی طرف (2) مجاز کی طرف (3) مشترک کی طرف (4) مؤول کی طرف

(81) الف لام یا نکرہ کا سیاق نفی میں واقع ہونا اور نکرہ کا صفت عامہ کے ساتھ موصوف ہونا یا صیغہ کا جمع ہونا یا صیغے کے معنیٰ کا جمع ہونا جب یہ دلالتیں پائی جائیں تو ہمارے نزدیک کس میں عموم ہوگا

(1) حقیقت میں (2) مجاز میں (3) مشترک میں (4) مؤول میں

(82) مجاز کس کی اقسام میں سے ہے

(1) نظم کی (2) معنیٰ کی (3) لفظ کی (4) تینوں کی

(83) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق دو درہموں کو کس کے بدلے نہ بیچو

(1) ایک درھم کے (2) دو درھم کے (3) تین درھم کے (4) چار درھم کے

(84) صاع حقیقت میں کس چیز کا بنا ہوتا ہے

(1) لوہے کا (2) سونے کا (3) چاندی کا (4) لکڑی کا

تاریخ: ______

(85) امام شافعی کے نزدیک صاع خاص ہے یعنی صاع سے مراد ہے۔

(1) لکڑی (2) نفس صاع (3) اناج (4) لوہا

(86) بہادر آدمی کو شیر کہنا اور شیر نہ کہنا یہ ہے

(1) صحیح (2) غلط (3) واضح (4) ناجائز

(87) قسم کی کتنی اقسام ہیں۔

(1) دو (2) تین (3) چار (4) پانچ

(88) کس قسم میں بالاتفاق گناہ اور کفارہ ہے۔

(1) یمین لغو میں (2) یمین غموس میں (3) یمین منعقدہ میں (4) ان تینوں میں

(89) کس امام کے نزدیک یمین غموس اور یمین منعقدہ دونوں میں گناہ اور کفارہ ہوگا۔

(1) امام اعظم کے نزدیک (2) امام شافعی کے نزدیک (3) امام مالک کے نزدیک (4) امام احمد کے نزدیک

(90) نکاح کا لغوی معنی ہے۔

(1) الضم (2) التزویج (3) الوطی (4) المس

(91) ایک ہی کپڑا پہننے والے کیلئے بطور ملک بھی ہو اور عاریۃً بھی ہو یہ بات ہے

(1) ناجائز (2) صحیح (3) غلط (4) محال

(92) جب معتق بلا واسطہ نہ ہو تو کون وصیت کا حقدار ہوگا

(1) معتق (2) معتق المعتق (3) معتَق (4) معتق المعتق

(93) جس شراب کے ایک قطرے پر حد لگائی جاتی ہے وہ کس سے بنائی جاتی ہے۔

(1) انگوروں سے (2) کھجوروں سے (3) سیب سے (4) اناروں سے

(94) وہ انگور کا کچا پانی جو خوب جوش مارنے لگے اور شدت کے ساتھ جھاگ پھینکنے لگے وہ شراب کہلاتی ہے

(1) طلاء (2) نقیع تمر (3) خمر (4) نقیع زبیب

(95) جب کسی نے اپنے بیٹوں کیلئے وصیت کی تو یہ کس کو شامل نہیں ہوگی۔

(1) بھانجوں کو (2) پوتوں کو (3) بھتیجوں کو (4) بیٹیوں کو

(96) لا مستم النساء کا مجازی معنی ہے۔

1) چھونا (2) جماع کرنا (3) بوسہ لینا (4) ہاتھ لگانا

(97) جب اپنے لیے بیٹوں اور موالیوں کیلئے امان لے کر بیٹوں کے بیٹے مراد لیے تو کس کا اجتماع لازم آئیگا

1) ظاہر و نص کا (2) مشترک و مؤول کا (3) حقیقت مجاز کا (4) مفسر و محکم کا

(98) باپ اور ماں پر امن چاہنے میں کون داخل نہیں ہونگے کیونکہ بطور تبعیت کے ہیں۔

1) دادا اور نانی میں (2) بیٹوں اور بیٹیوں پر (3) بھانجا اور بھانجی پر (4) بھتیجوں اور بھتیجیوں پر

(99) اگر کسی نے کہا کہ فلاں کے گھر میں قدم نہیں رکھوں گا ننگے پاؤں اور جوتی پہن کر داخل ہونے کس کا اجتماع لازم آئیگا۔

1) مشترک و مؤول کا (2) حقیقت مجاز کا (3) ظاہر و نص کا (4) مفسر و محکم کا

(100) گھر میں ننگے پاؤں اور جوتے پہن کر داخل ہونا یہ مجاز کے عموم کی وجہ سے ہے نہ کہ کس کے اجتماع کی وجہ سے

1) حقیقت و مجاز کے (2) مشترک و مؤول کے (3) ظاہر و نص کے (4) مفسر و محکم کے

(101) جب فعل ممتد ہو تو کیا چیز مراد ہوگی۔

1) دن (2) رات (3) مطلق وقت (4) تینوں ہی

(102) جب فعل غیر ممتد ہو تو کیا چیز مراد ہوگی

1) دن (2) رات (3) مطلق وقت (4) تینوں ہی

(103) اگر دونوں فعل ممتد ہوں تو کیا چیز مراد ہوگی۔ (یوم سے مراد)

1) مطلق وقت (2) دن (3) رات (4) دوپہر

(104) اگر دونوں فعل غیر ممتد ہوں تو کیا چیز مراد ہوگی (یوم سے مراد)

1) دن رات (2) صبح و شام (3) مطلق وقت (4) دوپہر

(105) اگر کسی نے کہا کہ اللہ کیلئے مجھ پر رجب کے روزے ہیں تو اس سے کیا چیز لازم آئیگی

1) قسم (2) منت (3) صبح (4) ایک اور دو میں سے دونوں

تاریخ: ______

(106) اگر یمین کی نیت ہو اور نذر کی نفی ہو تو کیا چیز واقع ہو گی

(1) نذر و یمین دونوں (2) نذر و یمین دونوں نہیں (3) نذر (4) یمین

(107) (للہ علی صوم رجب) میں نذر کے علاوہ یمین کس چیز سے ثابت ہوئی ہے۔

(1) قول سے (2) کلام کے موجب سے (3) صیغہ سے (4) معنی سے

(108) جب یمین کلام کے موجب سے ثابت ہے تو اسکو بغیر نیت کے ثابت ہونا چاہیے مصنف نے اسکے کتنے جواب دیے

(1) ایک (2) دو (3) تین (4) چار

(109) شراء قریب والی مثال میں ملک کس سے ثابت ہوئی ہے

(1) قول سے (2) صیغہ سے (3) کلام کے موجب سے (4) معنی سے

(110) اہل بیان کے نزدیک استعارہ کس کی قسم میں سے ہے

(1) حقیقت کی (2) مشترک کی (3) مؤول کی (4) مجاز کی۔

(111) اگر ایسا علاقہ ہو جس میں تشبیہ کے پچیس علاقوں میں سے کوئی علاقہ نہ پایا جائے تو یہ ہے

(1) مشترک (2) مجاز (3) استعارہ (4) مجاز مرسل

(112) اگر معنی مجازی معنی حقیقی کے ساتھ متصل ہو تو یہ کس کی تعریف بنے گی۔

(1) صوری (2) معنوی (3) حسی (4) شرعی

(113) ہیکل معلوم اور بہادر آدمی کس معنی میں مشترک ہیں

(1) حیوانیت میں (2) حملہ کرنے میں (3) شجاعت میں (4) تینوں میں

(114) شریعت میں اتصال اسطرح ہے کہ پہلا دوسرے کیلئے ہو۔

(1) سبب (2) شرط (3) رکن (4) کوئی بھی نہیں۔

(115) کس چیز میں کل کا اجتماع شرط نہیں۔

(1) شراء میں (2) ھبہ میں (3) ملک میں (4) قبضہ میں

تاریخ: ____

(116) جو حکم کی طرف جانیوالی راہ ہو اسکی طرف نہ وجوب نہ وجود منسوب ہو اُسے کہتے ہیں

(1) علت (2) سبب (3) لازم (4) حال

(117) ملک متعہ کس کے زائل ہونے سے زائل ہو جاتی ہے

(1) ہبہ سے (2) قبضہ سے (3) ملک رقبہ سے (4) تملیک سے

(118) شریعت میں مسبب تو سبب کا محتاج ہوتا ہے لیکن ____ مسبب کی طرف محتاج نہیں ہوتی

(1) علت (2) سبب (3) لازم (4) حال

(119) کن کے نزدیک سبب مسبب کے ساتھ اور مسبب سبب کے ساتھ متصل ہوتا ہے

(1) امام شافعی کے نزدیک (2) امام مالک کے نزدیک (3) امام محمد کے نزدیک (4) امام اعظم کے نزدیک

(120) حقیقت کی کتنی اقسام ہیں

(1) دو (2) تین (3) چار (4) پانچ

(121) جس پر مشکل کے ساتھ عمل کرنا ممکن ہو تو اُسے حقیقت کہتے ہیں

(1) مہجورہ (2) مستعمل (3) متعذرہ (4) یہ تینوں ہی

(122) جس حقیقت پر عمل کیا جاتا ہو اور مجاز بھی متعارف ہو تو امام اعظم کے نزدیک کس پر عمل کیا جائیگا

(1) مستعمل یعنی حقیقت پر (2) مہجورہ یعنی دونوں پر (3) متعذرہ یعنی مجاز پر (4) 1 اور 2 جز دونوں

(123) جس پر عمل کرنا ممکن ہو لیکن لوگوں نے عمل کرنا چھوڑ دیا ہو تو وہ کونسی حقیقت ہے

(1) متعذرہ (2) مہجورہ (3) مستعملہ (4) 2 اور تین جز دونوں

(124) کسی نے قسم کھائی کہ وہ اس نخلہ سے نہیں کھائے گا یہ کونسی حقیقت کی مثال ہے

(جب یمین نفی پر داخل ہو تو یہ منع کیلئے ہوگا)

(1) مستعمل کی (2) مہجورہ کی (3) متعذرہ کی (4) تینوں کی

(125) جب یمین نفی پر داخل ہو تو یہ منع کیلئے ہوگا تو یہ فعل کس کی وجہ سے منع ہوگا

(1) یمین کی وجہ سے (2) نذر کی وجہ سے (3) سبب کی وجہ سے (4) علت کی وجہ سے

(126) اگر کوئی شخص اپنی بیٹی کے (اپنی بیوی کو) یا مقطوع الذکر (کٹا ہوا ذکر) یا نامرد سے عورت سے شادی کرے تو یہ عورت پر ہے

(1) احسان (2) ظلم (3) فضل (4) ایک اور دو جز دونوں

تاریخ: ____

(127) کسی نے کہا کہ وہ فلاں کے گھر میں قدم نہیں رکھے گا یہ کس حقیقت کی مثال ہے

(1) مستعمل کی (2) مہجورہ کی (3) متعذرہ کی (4) تینوں کی

(128) اگر کسی کو وکیل بنایا کہ وہ قاضی کے پاس مدعی کے ساتھ جھگڑا کرے یہاں خصومت فقط کس چیز کا نام ہے

(1) انکار کا (2) اقرار کا (3) دونوں کا (4) فقط اقرار کا

(129) اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ اس بچہ سے گفتگو نہیں کریگا تو یہ قسم کس زمانے سے مقید نہ ہوگی

(1) بڑھاپے کے (2) جوانی کے (3) بچپن کے (4) تینوں کے

(130) بچے سے بات نہ کرنیوالی قسم کو کس پر محمول کریں گے

(1) ذات پر (2) نام پر (3) وصف پر (4) تینوں پر

(131) اگر حقیقت (یعنی بچپن) پر عمل کریں تو کتنے گناہوں سے بچا جا سکتا ہے جو بالتبع لازم ہیں بالقصد لازم نہیں آتے

(1) دو (2) تین (3) چار (4) پانچ

(132) گندم کو بھون کر چبا کر اور ابال کر بھی کھایا جاتا ہے لیکن اسکو روٹی بنا کے کھاتا ہے

(1) مجاز (2) حقیقت (3) مشترک (4) مؤول

(133) نہر فرات سے پانی پینا یہ حقیقت مستعمل کی مثال ہے (اس میں مجاز غالب الاستعمال کیا چیز ہے)

(1) منہ لگا کے پینا (2) چلو سے پانی پینا (3) داخل ہو کر پینا (4) دور کر پینا

(134) صاحبین کے نزدیک مجاز کا خلیفہ کس میں ہوا کرتا ہے

(1) تلفظ میں (2) معنی میں (3) حکم میں (4) کوئی نہیں

(135) جب حقیقت اور مجاز دونوں متعذر ہو تو کلام ہو جاتا ہے

(1) لغو (2) جاری (3) خراب (4) 1 اور 2 جز دونوں

(136) جب اپنی بیوی کو اپنی بیٹی کہا تو حرمت کب واقع نہیں ہوگی۔

(1) جب معلوم النسب ہو (2) اسکی مثل سے جنا جا سکتا ہو (3) گھر میں اس سے بڑی ہو (4) تینوں کی

(137) قاضی اس شخص (جو کہتا ہے کہ میری بیٹی ہے) اور اسکی بیوی کے درمیان کب جدائی کرائے گا

(1) جب وہ توبہ کرلے (2) جب وہ وضاحت کرے (3) جب وہ انکار کرے (4) جب وہ بار بار اصرار کرے

نورالانوار کے مختصر سوالات

تاریخ:

(1) مشترک کی تعریف اور فوائد و قیودات بیان کریں۔

(2) لفظ قروء کتنے معنوں میں مشترک ہے موقف ائمہ بیان کریں

(3) مشترک کا حکم اور لفظ قروء میں غور کرنے کی وجہیں ذکر کریں۔

(4) حیض والے خون سے کیا مراد ہے۔

(5) مشترک کیلئے عموم ہے یا نہیں موقف تحریر کریں۔

(6) امام شافعی کی مشترک پر دلیل اور یصلون لفظ کس کے معنی میں ہے۔

(7) شوافع کے نزدیک حقیقت مجاز کی جمع ہونیکی دو شرطیں تحریر کریں۔

(8) مؤول کی تعریف اور مؤول کس کی اقسام میں سے ہے۔

(9) معنی ترجیح پانے کی صورتیں تحریر کریں۔

(10) مؤول کا حکم اور اسکے منکر کو کافر کہا جائیگا یا نہیں تحریر کریں۔

(11) ظاہر کی تعریف اور ظاہر کی تعریف میں جو دور آرہا ہے تحریر کریں۔

(12) ظاہر کا حکم اور اسکے ذریعے کس کو ثابت کرنا صحیح ہے۔

(13) نص کی تعریف اور نص کی شرط تحریر کریں۔

(14) ظاہر اور نص کے درمیان کونسی نسبت پائی جارہی ہے۔

(15) نص کا حکم تحریر کریں۔

(16) مفسر کی تعریف اور تاویل و تخصیص ختم کرنیکی صورتیں بیان کریں۔

(17) مفسر کا حکم اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کے بعد قرآن کیا ہے تحریر کریں۔

(18) محکم کی تعریف نیز نسخ کے احتمال ختم ہونیکی دو صورتیں تحریر کریں۔

(19) محکم کا حکم اور کیا محکم تمام قطعیات سے افضل ہے یا نہیں تحریر کریں۔

(20) ظاہر اور نص کی مثال تحریر کریں نیز کافر کس چیز کو حلال سمجھتے تھے

(21) مفسر کی مثال بیان کریں اور بتائیں کہ تخصیص کا احتمال کس صیغہ سے ختم ہو جاتا ہے

(22) محکم کی مثال اور بتائیں کہ محکم میں نسخ کا احتمال باقی رہتا ہے یا نہیں۔

(23) ظاہر و نص کے درمیان تعارض کی مثال تحریر کریں اور یہ بتائیں

(24) کہ ان میں سے کون ترجیح پائے گا

(25) نص اور مفسر کے درمیان تعارض کی مثال تحریر کریں۔

(26) مفسر اور محکم کے درمیان تعارض کی مثال تحریر کریں۔

(27) خفی کی تعریف اور اگر اسکا خفا صیغہ کی وجہ سے ہو تو یہ کس کے معنی میں ہوگا

(28) خفی کا حکم تحریر کریں۔

(29) خفی کی مثال اور ائمہ کے موقف تحریر کریں۔

(30) چور، جیب کترا اور کفن چور کی تعریفیں تحریر کریں۔

(31) قبر اگر محفوظ جگہ میں ہو تو کیا کفن چور کے ہاتھ کاٹے جائیں۔

(32) مشکل کی تعریف اور خفا کی زیادتی کی وجہ سے مشکل کتنی نظر و تامل کا محتاج ہوگا

(33) مشکل کی مثال نیز اَنّٰی کتنے معنوں میں استعمال ہوا ہے

(34) نیز مشکل میں لواطت کی حرمت کس سے ثابت ہے۔

(35) قارورہ برتن کس کا ہوتا ہے دلیل دے کر واضح کریں۔

(36) مجمل کی تعریف اور فوائد قیودات تحریر کریں۔

(37) مجمل کی مثال تحریر کریں نیز بتائیں کہ معنی [illegible] کیلئے کس کی طرف استفسار کیا جائیگا

(38) متشابہ کی تعریف اور مثال تحریر کریں۔

(39) متشابہ کا حکم اور بتائیں کہ امام شافعی کے نزدیک متشابہ کا کیا حکم ہے۔

(40) مجمل میں مبتلا لوگوں کی کتنی صورتیں ہیں تحریر کریں

(41) متشابہ کی کتنی صورتیں ہیں ساری بیان کریں۔

(42) حقیقت کی تعریف اور وضع کی اقسام بیان کریں۔

(43) حقیقت کا حکم اور مثال تحریر کریں

(44) مجاز کی تعریف اور حکم تحریر کریں نیز اسکے لیے قرینے کا پایا جانا ضروری ہے یا نہیں

تاریخ: ____

(45) لیس کمثلہ شیئ والی مثال میں کاف کس چیز کیلئے ہے

(46) الصلوٰۃ کا لغوی اور شرعی معنی بیان کریں۔

(47) حقیقت کا عموم کس وجہ سے ہوتا ہے نیز کن دلالتوں کی وجہ سے مجاز کی طرف پھر جائیگا۔

(48) صاع کی تعریف بیان کریں کیا حضور کے فرمان کے مطابق ایک درہم کی دو درہموں سے بیع کرسکتے ہیں

(49) شیر کو کہنا کہ یہ شیر نہیں ہے یہ کہنا درست ہے۔

(50) یمین کی کتنی قسمیں ہیں تعریفیں بیان کریں

(51) کیا حقیقت اور مجاز جمع ہو سکتے ہیں ہیکل معلوم والی مثال تحریر کریں۔

(52) ایک شخص نے کپڑا پہنا ملکاً و عاریۃً یہاں حقیقت و مجاز والا اعتراض و جواب تحریر کریں۔

(53) حقیقت و مجاز پر دوسری تفریع تحریر کریں خمر والی مثال

(54) لامستم النساء والی تفریع بیان کریں۔

(55) کسی نے اپنے لیے اور بیٹوں اور موالیوں کیلئے امن چاہا تو پوتے اس میں داخل ہونگے۔

(56) امن چاہنے میں (اپنے باپ اور ماں پر) اس میں جو اختلاف ہے بیان کریں

(57) کسی نے گھر میں قدم نہ رکھنے کی قسم کھائی اگر وہ صرف قدم رکھے تو حانث ہوگا یا نہیں

(58) اگر فعل متعدد یا غیر متعدد ہو تو کونسا معنی مراد ہوگا۔

(59) للہ علی صوم رجب اس میں نذر و یمین کی وضاحت تحریر کریں۔

(60) یمین ثابت کرنے کیلئے نیت کی ضرورت نہیں ہوتی اسکی کتنی صورتیں ہیں۔

(61) شراء قریب والی مثال میں باپ کو خریدنے کے بارے میں وضاحت کریں۔

(62) استعارہ مجاز مرسل، صوری اور معنوی کی تعریفات بیان کریں۔

(63) صوری اور معنوی کی مثال تحریر کریں۔

(64) شراء میں اور ملک میں کل کے اجتماع کے بارے میں بیان کریں۔

(65) کیا ملک رقبہ کے زائل ہونے کے ساتھ ملک متعہ زائل ہو جاتی ہے مثال سے واضح کریں۔

(66) کیا سبب مسبب کے ساتھ اور مسبب سبب کیلئے ضروری ہے مثال سے واضح کریں

تاریخ: ____________

(67) کیا امام شافعی کے نزدیک عتاق طلاق کے ساتھ اور طلاق عتاق کیلئے استعارہ ہے مثال سے واضح

(68) حقیقت کی کتنی اقسام ہیں بیان کریں۔

(69) حقیقت متعذرہ کی مثال تحریر کریں۔

(70) حقیقت مہجورہ کی مثال تحریر کریں۔

(71) جب کسی نے کہا کہ اس بچے سے کلام نہیں کروں گا اسکی وضاحت کریں۔

(72) حقیقت مستعملہ کی مثال دیکر واضح کریں کہ جب مجاز متعارف ہو

(73) تو امام اعظم اور امام شافعی نہیں بلکہ صاحبین کے نزدیک کیا مراد لینا اولی ہے۔

(74) کسی نے کہا کہ اس گندم سے نہیں کھاؤں گا اس مثال کی وضاحت کریں

(75) نہر فرات سے پینے والی مثال کی وضاحت کریں۔

(76) اگر کسی نے اپنی بیوی کو اپنی بیٹی کہا تو حرمت ثابت ہوگی یا نہیں اور

(77) اسکی کتنی صورتیں ہیں وضاحت سے بیان کریں۔

(78) اپنی بیوی کو اپنی بیٹی کہنا یہ کس طرح کا ظلم ہے۔